شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

14مارچ2023ء

پریس ریلیز

دنیا میں بڑھتے ہوئے اسلامو فوبیا کے خلاف عملی اقدامات اُٹھائے جائیں۔(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): دنیا میں بڑھتے ہوئے اسلامو فوبیا کے خلاف عملی اقدامات اُٹھائے جائیں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے اسلامو فوبیا کے خلاف عالمی دن کے موقع پر ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ گذشتہ برس اقوامِ متحدہ کا 15 مارچ کو اسلامو فوبیا کے تدارک کا عالمی دن قرار دینا مسلم دنیا کے لیے ایک اہم پیش رفت تھی اور اُس قرار داد کو منظور کروانے میں پاکستان نے کلیدی کردار ادا کیا۔ حقیقت یہ ہے کہ گذشتہ ایک برس کے دوران مغرب میں توہینِ قرآن کے پے درپے واقعات دیکھنے میں آئے۔ حجاب سمیت دیگر شعارِ اسلام کو امریکہ اور دیگر کئی مغربی ممالک میں نشانہ بنایا گیا ہے۔ کئی مغربی ممالک اسلام اور مسلمانوں کے خلاف منظم نفرت انگیزی اور تفریق کی پالیسی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ بھارت اور اسرائیل مسلمانوں پر ظلم و ستم بڑھا رہے ہیں اور ریاستی سرپرستی میں مسلمانوں کی نسل کشی پر تلے ہوئے ہیں۔ ان تمام واقعات کے حوالے سے مغربی ممالک اور میڈیا کی خاموشی نے اُن کے انسانی حقوق کے علمبردار ہونے کے دعویٰ کی قلعی کھول دی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ امتِ مسلمہ متحد ہو کر عالمی اداروں پر دباؤ بڑھائے تاکہ دنیا بھر میں اسلاموفوبیا کے مرتکب افراد، اداروں اور ممالک کے خلاف عملی اقدامات اُٹھائے جائیں۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Tuesday 14 March, 2023

"Practical measures should be taken against the rise of Islamophobia across the globe."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): Practical measures should be taken against the rise of Islamophobia across the globe. This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement issued on the eve of the International Day to Combat Islamophobia. The Ameer said that last year's declaration of the United Nations to observe March 15 as the "International Day to Combat Islamophobia" was an important development for the Islamic World, and Pakistan played a pivotal role in the process of this resolution being approved by the United Nations General Assembly (UNGA). The ground reality is that over the last year, continual incidents of desecration of the Holy Qur'an have taken place in the West. Hijab, along with various other fundamental symbols of Islam, have been maliciously targeted by the United States as well as many other Western countries. Several Western nations apparently have a systematic and perpetual policy of hatred and discrimination against Muslim nations and Muslims in general. It is a fact that India and Israel are incessantly increasing their oppression of Muslims and appear to be hell-bent on a Muslim genocide under outright state patronage. The silence adopted by the media and Western states on these tragic incidents has laid waste to all their claims of being the champions of human rights. The Ameer emphasized that there is now an urgent need for the Muslim Ummah to unite and increasingly pressure international institutions so that practical measures are taken against those individuals, institutions and countries that are found guilty of Islamophobia.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan